ویکسین کا معلوماتی بیان

# انفلوئنزا ویکسین

## *آپ کو کیاجاننا درکار ہے*

(فلوویکسین، فعال
در انفی)

**2013-2014**

ہسپانوی اور دیگر کئی زبانوں میں ویکسین کی معلومات کے کئی بیانات دستیاب ہیں۔ ملاحظہ کریں www.immunize/or/vis :
Hojas de Información Sobre Vacunas están disponiblesen Español y en muchos otros idiomas. Visite www.immunize.org/vis

## 1 ویکسین کیوں لگوائی جائے

انفلوئنزا (فلو) ایک چھوت کی بیماری ہے جو ہر موسم سرما میں عموماً اکتوبر اور مئی کے درمیان میں امریکہ بھر میں پھیلتی ہے۔

فلو انفلوئنزا وائرس سے پیدا ہوتا ہے، اور کھانسنے، چھینکنے، اور قریبی رابطے سے پھیل سکتا ہے۔

فلو ہر ایک کو ہو سکتا ہے لیکن بچوں میں فلو ہونے کا خطرہ سب سے زیادہ ہوتا ہے۔ علامات اچانک پیدا ہوتی ہیں اور کئی دنوں تک رہ سکتی ہیں۔ ان میں شامل ہو سکتی ہیں:

- بخار/کپکپی
- گلے میں خراش
- پٹھوں میں درد
- تھکاوٹ
- کھانسی
- سردرد
- ناک بہنا یا بند ہونا

فلو سے کچھ لوگ دوسروں کی نسبت زیادہ بیمار ہو سکتے ہیں۔ ان لوگوں میں چھوٹے بچے، 65 سال اور اس سے زائد عمر کے لوگ، حاملہ خواتین، اور صحت سے متعلق عوارض—جیسے دل، پھیپھڑے اور گُردے کی بیماری میں مبتلا یا کمزور مامونیتی نظام کے حامل لوگ شامل ہیں۔ فلو ویکسین اِن لوگوں اور ان کے ساتھ قریبی رابطہ رکھنے والوں کے لئے خصوصی طور پر اہم ہے۔

فلو کے نتیجے میں نمونیا ہو سکتا ہے، اور یہ موجودہ طبی حالات کو ابتر کر سکتا ہے۔ یہ بچوں میں اسہال اور دورے پیدا کر سکتا ہے۔

ہر سال **امریکہ میں ہزاروں لوگ فلو سے مر جاتے ہیں** اور اس سے زیادہ لوگ ہسپتالوں میں داخل ہو جاتے ہیں۔

**فلو ویکسین** ہی ہمارے پاس فلو اور اس کی پیچیدگیوں کے خلاف بہترین حفاظت ہے۔ فلو ویکسین فلو کو ایک شخص سے دوسرے شخص تک پھیلنے سے بھی روکتی ہے۔-

## 2 زندہ، ضعیف فلو ویکسین— LAIV ناک کا اسپرے

انفلوئنزا ویکسین کی دو اقسام ہیں:

آپ ایک **زندہ، ضعیف انفلوئنزا ویکسین** لے رہے ہیں (LAIV نامی) جسے ناک کے اندر چھڑکایا جاتا ہے۔ ضعیف سے مراد ہے کمزور شدہ ۔ ویکسین میں شامل وائرسوں کو کمزور کر دیا جاتا ہے تاکہ یہ آپ کو بیمار نہ کر سکیں۔

ایک مختلف ویکسین "فلو شاٹ" ایک **غیر فعال شدہ** ویکسین ہوتی ہے۔ اس کو ایک سوئی کے ساتھ ٹیکے کے ذریعے لگایا جاتا ہے۔ *اس ویکسین کو ایک علیحدہ ویکسین کے معلوماتی بیان میں بیان کیا گیا ہے۔*

فلو ویکسین کی ہر سال سفارش کی جاتی ہے۔ 6 ماہ سے 8 سال کے بچوں کو ویکسین لینے کے پہلے سال دو خوراکیں لینی چائیں۔

فلو وائرس ہمیشہ بدلتے رہتے ہیں۔ ہر سال ان وائرسوں کے خلاف ویکسین بنائی جاتی ہے جن کا اُس سال بیماری پیدا کرنے کا سب سے زیادہ امکان ہو۔ اگرچہ فلو ویکسین فلو کی تمام صورتوں کو نہیں روک سکتی، تاہم بیماری کے خلاف یہ ہمارا بہترین دفاع ہے۔ LAIV، 4 مختلف انفلوئنزا وائرسوں کے خلاف حفاظت کر سکتی ہے۔

ویکسین لگانے کے بعد حفاظت پیدا ہونے میں تقریباً 2 ہفتے لگتے ہیں اور یہ حفاظت کئی ماہ سے لے کر ایک سال تک رہتی ہے۔

بعض بیماریاں جو انفلوئنزا وائرسوں کی وجہ سے **نہیں** پیدا ہوتیں، ان کو غلطی سے فلو سمجھا جاتا ہے۔ فلو ویکسین ان بیماریوں کو نہیں روکے گی۔ یہ صرف انفلوئنزا کو روک سکتی ہے۔

LAIV **2 سے 49 سال عمر** کے لوگوں کو دی جا سکتی ہے، جو حاملہ نہ ہوں۔ اس کو دوسری ویکسینوں کے ساتھ محفوظ طور پر دیا جا سکتا ہے۔

LAIV میں تھائیمیروسال (Thimerosal) یا دوسرے تحفظی شامل نہیں ہوتے۔

## 3 بعض لوگوں کو یہ ویکسین نہیں لگوانی چاہئے

آپ کو جو شخص ویکسین لگائے اس کو بتا دیں:

- **اگر آپ کو کوئی شدید (جان لیوا) الرجیاں ہیں** بشمول انڈے سے الرجی۔ اگر آپ کو کبھی فلو ویکسین کی ایک خوراک سے کسی جان لیوا الرجی کا رد عمل ہوا ہو یا آپ کو اس ویکسین کے کسی جزو سے شدید الرجی ہو تو آپ کو ایک خوراک نہیں لینی چاہئے۔
- **اگر آپ کو کبھی Guillain-Barré Syndrome** (GBS نامی فالج میں مبتلا کرنے والی ایک بیماری) **کا عارضہ لاحق ہوا ہو۔** GBS کی سرگزشت کے حامل بعض لوگوں کو یہ ویکسین نہیں لگوانی چاہئے۔ اس بارے میں آپ کو اپنے ڈاکٹر کے ساتھ تبادلۂ خیال کرنا چاہئے۔
- **اگر آپ نے گذشتہ 4 ہفتوں میں کوئی دوسری ویکسین لی ہو یا اگر آپ کی طبیعت ناساز ہو۔** تو ہوسکتا ہے وہ آپ کو ٹھیک ہونے تک انتظار کرنے کے لئے کہیں۔ لیکن آپ کو واپس آنا چاہئے۔

U.S. Department of Health and Human Services
Centers for Disease Control and Prevention

آپ کو ناک کے اسپرے کی بجائے فلو شاٹ لینا چاہئے اگر آپ:

- حاملہ ہیں
- ایک کمزور مامونیتی نظام کے حامل ہیں
- کو صحت کے بعض طویل المدت مسائل لاحق ہیں
- دمے کے حامل چھوٹے بچے ہیں یا آپ کی سانس میں سیٹی کی آواز کا مسئلہ ہے
- ایک بچے یا نوجوان ہیں اور اسپرین کے طویل المدت علاج پر ہیں
- کسی ایسے شخص کے ساتھ قریبی رابطے میں ہیں جس کو کمزور مامونیتی نظام کی بنا پر خصوصی نگہداشت درکار ہے۔
- کی عمر 2 سال سے کم اور 49 سے زیادہ ہے۔ ( 6 ماہ اور زیادہ عمر کے بچے ایک فلو شاٹ لے سکتے ہیں۔ 6 ماہ سے کم عمر بچے دونوں میں سے کوئی ویکسین نہیں لے سکتے)۔

آپ کو ویکسین لگانے والا شخص آپ کو مزید معلومات دے سکتا ہے۔

## 4 ویکسین کے ایک ردّ عمل کا خطرہ

ایک ویکسین کے ساتھ، کسی دوا کی طرح، ضمنی اثرات کا امکان ہوتا ہے۔ یہ عموماً ہلکے ہوتے ہیں اور خود بخود ختم ہو جاتے ہیں۔

خطرناک ضمنی اثرات بھی ممکن ہیں، لیکن بہت شاذ و نادر ہوتے ہیں۔ LAIV کمزور شدہ وائرس سے بنائی جاتی ہے اور **فلو پیدا نہیں کرتی۔**

LAIV کے بعد مبینہ **ہلکے مسائل:**

*بچے اور نوجوان جن کی عمر 2 سے 17 سال ہو:*

- ناک بہنا، ناک بند ہونا، کھانسی
- بُخار
- سر درد اور پٹھوں میں درد
- سانس میں سیٹی کی آواز آنا
- پیٹ میں درد یا کبھی کبھار قے یا اسہال

*بالغ افراد جن کی عمر 49-18 سال ہو*

- ناک بہنا یا ناک بند ہونا
- گلے میں خراش
- کھانسی، کپکپی، تھکاوٹ/کمزوری
- سر درد

LAIV کے بعد ممکنہ **شدید مسائل:**

غیر فعال شدہ فلو ویکسین کے بعد **شدید مسائل:**

- کسی ویکسین کے بعد (اندازاً ایک ملین خوارکوں میں سے ایک میں) شدید الرجی کا رد عمل پیدا ہو سکتا ہے۔

ویکسین کی حفاظت کی ہمیشہ نگرانی کی جاتی ہے۔ مزید معلومات کے لئے ملاحظہ کریں: **www.cdc.gov/vaccinesafety/**

## 5 اگر خطرناک رد عمل ہو جائے تو کیا کرنا چاہئے؟

**مجھے کس چیز پر نظر رکھنی چاہئے؟**

- جس چیز سے آپ کو تشویش ہو اس پر نظر رکھیں، جیسے الرجی کے ایک خطرناک رد عمل کی علامات، بہت تیز بخار، یا رویّے میں تبدیلیاں۔

الرجی کے ایک خطرناک رد عمل کی علامات میں شامل ہو سکتی ہیں، چھپاکی، چہرے اور گلے کی سوجن، سانس لینے میں دشواری، دل کی دھڑکن میں تیزی، سر چکرانا، اور کمزوری۔ یہ ویکسین لگوانے کے چند منٹوں سے لے کے چند گھنٹوں کے بعد شروع ہوتی ہیں۔

**مجھے کیا کرنا چاہئے؟**

- اگر آپ کا خیال ہو کہ یہ ایک شدید الرجی کا ردّ عمل ہے یا کوئی دوسری ہنگامی حالت ہے جس میں انتظار نہیں کیا جا سکتا، تو 9-1-1 پر فون کریں یا اس شخص کو نزدیکی ہسپتال میں لے جائیں۔ ورنہ، اپنے ڈاکٹر کو فون کریں۔
- اس کے بعد، اس رد عمل کی اطلاع ویکسین کے ناخوشگوار واقعے کی اطلاع دینے کے نظام (VAERS) کو دینی چاہئے۔ ہو سکتا ہے آپ کا ڈاکٹر یہ رپورٹ دائر کر دے یا آپ VAERS کی ویب سائٹ **www.vaers.hhs.gov** کے ذریعے یا **1-800-822-7967** پر فون کرکے یہ کام خود کر سکتے ہیں۔

*VAERS صرف رد عمل کی اطلاع دینے کے لئے ہے وہ طبی مشورہ نہیں دیتے۔*

## 6 ویکسین سے نقصان کے معاوضے کا قومی پروگرام

ویکسین سے نقصان کے معاوضے کا قومی پروگرام (VICP) ایک وفاقی پروگرام ہے جسے ان لوگوں کو معاوضہ دینے کے لئے تخلیق کیا گیا تھا جنہیں، ہو سکتا ہے، بعض ویکسینوں کی وجہ سے نقصان پہنچا ہو۔

وہ لوگ جن کا خیال ہو کہ، ہو سکتا ہے، انہیں کسی ویکسین سے نقصان پہنچا ہے، 1-800-338-2382 پر فون کر کے یا VICP کی ویب سائٹ www.hrsa.gov/vaccinecompensation کو ملاحظہ کر کے پروگرام کے بارے میں اور ایک دعویٰ دائر کرنے کے بارے میں جان سکتے ہیں۔

## 7 میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

- اپنے ڈاکٹر سے پوچھیں۔
- اپنے مقامی یا ریاستی محکمۂ صحت کو فون کریں۔
- مرض کے قابو اور پرہیز کے مراکز (CDC) سے رابطہ کریں:
  - **1-800-232-4636 (1-800-CDC-INFO)** پر فون کریں یا
  - CDC کی ویب سائٹ **www.cdc.gov/flu** ملاحظہ کریں۔